पालदोषविनाशे तु पाले दंडो विधीयते । अर्द्धत्रयोदशपणः स्वामिनो द्रव्यमेवच ॥ १६९ ॥

ग्रामेच्छया गोप्रचारो भूमि राजवशेन वा । द्विजस्तृणैधःपुष्पाणि सर्वतः स्ववदाहरेत् ॥ १७० ॥

१.३ पालो येषां न मोच्या इति पाठान्तरम्

۱۶۷ مہوکش (یعنی جو بیل گئوون کو بڑھانے کے واسطے چھوڑ دیا گیا ہو مثل سانڈ وغیرہ کے) اُت سرشٹ پشُ (یعنی برکھوتسرگ یا کسی دیوتا کے نمت جو پشُ چھوڑ دیا گیا ہو) وس دن کی بیائی ہوئی اپنے حلقہ سے بہک کر دور دیش سے آیا ہو جسکا کوئی پالنے والا نہو یا راجہ یا دیو سے پیڑت ہو ایسا پشُ اگر کھیت کھا جاے تو اُسکو چھوڑ دینا ڈنڈ نہ لینا چاہیے ۔

۱۶۸ چرواہے کو جیسا پشُ سپرد کیا گیا ہو ویسا ہی شام کے وقت لاکر مالک کے سپرد کر دے اور اگر اُسکی غفلت سے پشُ نابود ہو جاے تو اُسکی مزدوری میں سے اُس پشُ کی قیمت راجہ مالک کو دلاوے ۔

۱۶۹ اگر چرواہے کے قصور سے پشُ نابود ہو جاے تو ساڑھے تیرہ پن ڈنڈ راجہ لیوے اور پشُ کے مالک کو اُس پشُ کی قیمت دلادے ۔

۱۷۰ گانون کے رہنے والون کی اِچھا سے یا اس زمین کا جو راجہ ہو اُسکی آگیا سے گئوون کے چرنے کے واسطے کسقدر زمین بغیر جوتی ہوئی چھوڑ دینا چاہیے اور براہمن لوگ دیو پوجن کے لیے سب جگہ سے گھاس لکڑی پھول بغیر پوچھنے کے اپنی چیز کی طرح لے لیوین ۔

या·स·
१०४

धनुश्शतंपरीणाहोग्रामेक्षेत्रांतरंभवेत् । द्वेशते खर्वटस्यस्यान्नगरस्यचतुःशतम् ॥ १७१ ॥
स्वंलभेतान्यविक्रीतंक्रेतुर्दोषोप्रकाशिते । हीनाद्रहोहीनमूल्येवेलाहीनेचतस्करः ॥ १७२ ॥
नष्टापहृतमासाद्य हर्तारंग्राहयेन्नरं । देशकालातिपत्तौचगृहीत्वास्वयमर्पयेत् ॥ १७३ ॥
विक्रेतुर्दर्शनाच्छुद्धिःस्वामीद्रव्यंनृपोदमम् । क्रेतामूल्यमवाप्नोतितस्माद्यस्तस्यविक्रयी ॥ १७४ ॥

۱۷۱ گانوں کے چاروطرف سَو دھنش تک زمین بغیر جوتی ہوئی چھوڑ کر کھیت بناوے اور قصبہ کے چاروطرف دو سَو دھنش اور شہر کی چاروطرف چار سَو دھنش تک چھوڑ دے
(مالک اور چرواہے کے جھگڑونکا پرکرن سماپت ہوا)

۱۷۲ اگر کسی کی چیز کوئی دوسرا شخص بیچ ڈالے یا رہن کردے اور اُس چیز کا مالک دیکھ پاوے تو اپنی چیز لیوے خریدار پر جیسے گپ چپ اُسکو مول لیا ہو قصور عائد ہوتا ہے اور ایسے شخص سے کہ جسکے پاس اُس چیز کا آنا ناممکن ہو مقام تنہائی مین یا رات کیوقت یا کم قیمت پر خرید کرے تو مثل چور کی سزا پاوے

۱۷۳ اگر گئی ہوئی اپنی چیز کسیکے پاس دیکھے تو تھانہ دار وغیرہ راجہ کی اہلکار انسے کہکر اُس شخص کو گرفتار کرادے اور اگر دیکھے کہ کوئی اہلکار راجہ کا نزدیک نہیں ہے یا جب تک کہین گے تب تک وہ بھاگ جایگا تو آپ ہی اُسکو گرفتار کرکے راجہ کے اہلکارون کو سپرد کردے

۱۷۴ اگر مول لینے والا بیچنے والے کو دیکھلادے تو مول لینے والا رہا کردیا جاوے اور بیچنے والے سے راجہ ڈنڈ لیوے چیز کے مالک کو اُسکی چیز دلادے اور مول لینے والے کا روپیہ بھی واپس کرادے

प्र· २

या.स. आगमेनोपभोगेन नष्टं भाव्यमतोऽन्यथा। पंचबंधो दमस्तस्य राज्ञे तेनाविभाविते ॥ १७५॥ १.८

१७५ हृतं प्रनष्टं यो द्रव्यं परहस्तादवाप्नुयात्। अनिवेद्य नृपे दंड्यः स तु षण्णवतिं पणान् ॥ १७६॥ ११

शौल्किकैः स्थानपालैर्वा नष्टापहृतमाहृतं। अर्वाक् संवत्सरात्स्वामी हरेत परतो नृपः ॥ १७७॥

पणानेकशफे दद्याच्चतुरः पंचमानुषे। महिषोष्ट्रगवां द्वौ द्वौ पादं पादमजाविके ॥ १७८॥

۱۷۵ جسکی چیز ہو وہ تحریر یا قبضہ وغیرہ سے اُسکو ثابت کرے اور اگر ثابت نہ کرسکے تو جتنی کی چیز ہو اُسکا پانچواں حصّہ ڈنڈ راجہ اُس سے لیوے ۔

۱۷۶ جو کوئی شخص اپنی کھوگئی یا چوری گئی ہوئی چیز کیسیکے ہاتھ مین دیکھے اور بغیر اسکے کہ راجہ سے عرض کرے آپ ہی بااختیار خود لیوی تو ۹۶ پن ڈنڈ راجہ اُس سے لیوے

۱۷۷ محصول لینے والے یا تھانہ دار لوگ اگر کیسیکی کھوئی ہوئی یا چوری گئی ہوئی چیز پاکر راجہ کے پاس لاوین تو راجہ منادی کرا کر (یعنی ڈونڈھی پٹوا کر) اُس چیز کو اپنے مالخانہ مین رکھوا دے اگر سال بھر کے اندر اُسکا مالک آوے تو وہ چیز پاوے بعد اسکے وہ چیز راجہ کی ہو جاتی ہے ۔

۱۷۸ جسکے ایک کھر والے جانور گھوڑا وغیرہ کھو گئے ہون اور وہ اُنکو پھر پاوے تو راجہ کو چار پن دیوے آدمی کے لیے پانچ پن اور بھینس اور گئو اور اونٹ کے لیے دو دو پن اور بکری اور بھیڑ کے لیے پن کا چوتھا حصّہ دیوے ۔

(مالک اور بیچنے والے کا پرکرن سماپت ہوا)

स्वकुटुम्बाविरोधेन देयं दारसुतादृते । नान्वये सति सर्वस्वं यच्चान्यस्मै प्रतिश्रुतम् ॥ १७९ ॥
प्रतिग्रहः प्रकाशः स्यात् स्थावरस्य विशेषतः । देयं प्रतिश्रुतं चैव दत्वा नापहरेत्पुनः ॥ १८० ॥
दशैकपञ्चसप्ताहमासत्र्यहार्द्धमासिकं । बीजायोवाह्यरत्नस्त्रीदोह्यपुंसां परीक्षणं ॥ १८१ ॥
अग्नौ सुवर्णमक्षीणं रजते द्विपलं शते । अष्टौ त्रपुणि सीसे च ताम्रे पञ्च दशायसि ॥ १८२ ॥

۱۷۹ اگرکسیکو دان کرنا ہو تو صرف اُتنا ہی دان کرے کہ جس سے اپنے عیال واطفال کی پرورش مین کمی نہ پڑے مگر زوجہ و فرزند کا دان نکرے اور فرزند ہو تو ہمیشہ دان نکرے اور جو چیز کسی اور کو دینے کو کہی ہو وہ کبھی دان نکرے۔

۱۸۰ لینے والا سب کے سامنے دان لیوے خصوصاً غیر منقولہ چیز (زمین وغیرہ) کو ضرور دش آدمیون کے سامنے لیوے اور جو چیز جسکو دینا کہا ہے وہ اُسکو دینا ہی چاہیے اور جو چیز دے چکے اُسکو کبھی پھیر لینا نہ چاہیے۔

(دان دینے اور لینے کا پرکرن سماپت ہوا)

۱۸۱ بیج (جو گیہون دھان وغیرہ کے بیج) لوہا بیل وغیرہ جو بوجھا اُٹھا سکتے ہین رتن (موتی وغیرہ) استری دودھیہ (بھینس وغیرہ جو دودھ دیتی ہین) اور داس ان کے اُپرانت تو سلسلہ سے ۱۰-۱-۵-۷-۳۰-۳-اور ۱۵ دن کے اندر ہی دیکھ کر پھیر پھار کر سکتا ہی اسکے بعد نہین پھیر سکتے۔

۱۸۲ سونا آگ مین تپانے سے گھٹتا نہین ہے چاندی سَو پل مین دو پل گھٹتی ہے پیتل اور سیسا سَو مین آٹھ پل اور تانبا پانچ پل اور لوہا دش پل گھٹتا ہے۔

या॰ स॰ शते दशपला वृद्धिरौर्णे कर्पाससौत्रिके । मध्ये पञ्चपला वृद्धिः सूक्ष्मे तु त्रिपला मता ॥ १८३ ॥

कार्मिके रोमबद्धे च त्रिंशद्भागः क्षयो मतः । न क्षयो न च वृद्धिः स्यात्कौशेये वल्कलेषु च ॥ १८४ ॥

देशं कालं च भोगं च ज्ञात्वा नष्टे बलाबलं । द्रव्याणां कुशला ब्रूयुर्यत्तद्दाप्यमसंशयं ॥ १८५ ॥

बलाद्दासीकृतश्चौरैर्विक्रीतश्चापि मुच्यते । स्वामिप्राणप्रदो भक्तत्यागात्तन्निष्क्रयादपि ॥ १८६ ॥

प्रव्रज्यावसितो राज्ञो दास आमरणान्तिकं । वर्णानामानुलोम्येन दास्यं न प्रतिलोमतः ॥ १८७ ॥

۱۸۳ اُون اور کپاس کے موٹے سُوت کی جو چیز بنانے کو دیجاے اُسمین سَو پل مین دَس پل بڑھتا ہے اور بیچ والی سُوت کی چیز مین پانچ پل اور باریک سُوت کی چیز مین تین

۱۸۴ اُبٹنا کاڑھنے کی چیز اور رُویان باندھنی مین تیسوان حصّہ گھٹتا ہے اور ریشم اور درخت کی چھال سے جو چیز بنے اُسمین نہ کچھ بڑھتا ہے نہ گھٹتا ہے ـ

۱۸۵ دیش اور کال اور اُپ بھوگ سمجھکر اُس چیز کے جاننے والے جو کہین وہی دُنیا ہی فیصلہ ہے کیونکہ سب چیزون کا گھاٹا باڑھا لکھا نہین جا سکتا ـ

قبضہ ۱۲

(خریداری کا پرکرن سماپت ہوا)

۱۸۶ جو زبردستی سے غلام بنایا گیا ہو اور جسکو چور بیچ گئے ہون اور جسنے اپنے مالک کی جان بچائی ہو اور جسنے اپنا زرِ خوراک وغیرہ دے دیا ہو اور جتنے پر فروخت ہوا ہو وہ دے دیوے تو وہ غلام غلامی سے چھُوٹ جاتا ہے ـ

۱۸۷ جو سنیاس سے بھرشٹ ہوگیا ہو اور پراشچت نکرے وہ مرتے دم تک راجہ کا غلام بنا رہتا ہے اور اُتّم ورنون کی داس ادھم ورن والے ہوتے ہین اُلٹا نہین ہوتا

या. स.
१०८

कृतशिल्पोपिनिवसेत्कृतकालंगुरोर्गृहे । अन्तेवासी गुरुप्राप्तभोजनस्तत्फलप्रदः ॥ १८८ ॥
राजाकृत्वा पुरे स्थानंब्राह्मणान्न्यस्यतत्रतु । त्रैविद्यंवृत्तिमाहूयात्स्वधर्मःपाल्यतामिति ॥१८९॥
निजधर्माविरोधेनयस्तुसामयिकोभवेत् । सोपियत्नेनसंरक्ष्योधर्मोराजकृतश्चयः ॥ १९० ॥
गणद्रव्यंहरेयस्तुसंविदंलंघयेच्चयः । सर्वस्वहरणंकृत्वातंराष्ट्राद्विप्रवासयेत ॥ १९१ ॥
कर्तव्यंबचनंसर्वैः समूहहितवादिनां । यस्तत्रविपरीतःस्यात्सदाप्यःप्रथमंदमं ॥ १९२ ॥

۱۸۸ جو انتے باسی بِدّیا پڑھنے تک گُرو کے گھر رہے وہ جتنے دنون تک گُرو کے پاس رہنے کا اقرار کر چکا ہو اگرچہ کتنے دنون سے پہلے بِدّیا پڑھ چکے
تاہم اُتنے دن تک رہے اور گُرو اُسکو بھوجن دیوے اور وہ اپنے علم کا نتیجہ (یعنی جو کچھ کماوے) گُرو کو دیوے ۔

۱۸۹ راجہ اپنے شہر مین مکان بنوا کر اُسمین تینون وید پڑھے ہوئے براہمنونکو کچھ برت (معاش) دے کر بٹھلاوے اور کہے کہ اپنا دھرم پالن کرو ۔

۱۹۰ راجہ کی آگیا کہ جو دھرم اپنے دھرم (وید شاستر) سے بردّھ نہو اور جو اُنکی سمجھ مین اُچت ہو اور اسیطرح جو دھرم راجہ نے کہا ہو وہ بھی وے لوگ رکشت (حفاظت) کرین ۔

۱۹۱ جو گن درویہ (یعنی جسمین سب گانون بھر کا حصّہ ہو اُس) کو چُراوے اور جو راجہ کی یا آپس کی صلاح کو نہ مانے اُس کی سب دولت ضبط کر کے
راج سے باہر نکال دیوے ۔

۱۹۲ جماعت کا کہا ہوا اور جو سب کے فائدہ کی بات کہے اُسکا کہا ہوا کرنا چاہیے اگر نکرے تو اُسکو پرتھم ساہس ڈنڈ دینا چاہیے ۔

समूह कार्यं आयातान्कृत कार्यान् विसर्जयेत् । सदानमानसत्कारैः पूजयित्वा महीपतिः ॥१९३॥
समूह कार्य प्रहितो यल्लभेत तदर्पयेत् । एकादशगुणं दाप्यो यद्यसौ नार्पयेत्स्वयं ॥ १९४ ॥
धर्मज्ञाः शुचयोलुब्धा भवेयुः कार्यचिंतकाः । कर्तव्यं वचनं तेषां समूह हितवादिनां ॥ १९५ ॥
श्रेणि नैगम पाखण्डि गणानामप्ययं विधिः । भेदं चैषां नृपो रक्षेत्पूर्वं वृत्तिं च पालयेत् ॥ १९६ ॥
गृहीत वेतनः कर्म त्यजन्द्विगुणमावहेत् । अगृहीते समं दाप्यो भृत्यै रक्ष्य उपस्करः ॥ १९७ ॥

۱۹۳ جو سب کے کام کے لیے آئے ہون اُنکا کام ہوچکے تو وان مان آدر کرکے راجہ اُنکو بدا کرے —

۱۹۴ سب کے کام کے واسطے جو بھیجا گیا ہو اُسنے جو کچھ پایا ہو وہ سب بھیجنے والونکو دے دیوے اگر وہ خود نہ دیوے تو گیارہ گنا اُس سے لینا چاہیے

۱۹۵ جو لوگ دھرم جاننے والے اور پوتر رہنے والے ہون اور لالچی نہون اور کام بچار کر کرتے ہون اُنکی بات دوسرے لوگونکو بھی ماننا چاہیے —

۱۹۶ سرینی (جو ایک ہی تجارت کرنیوالے ہیں) نیگم (وید کو ماننے والے) پاکھنڈی (وید کو نہ ماننے والے) اور گن (جو شاستر پڑہیا وغیرہ ایک ہی کام سے زندگی بسر کریں) ان سبھو کی بھی یہی بدھ ہے اور ان کے بھید (یعنی دھرم بیوستھا) کی رکشا راجہ کرے اور اُنکی معاش کی حفاظت بھی کرے —

۱۹۷ اگر کوئی شخص مزدوری پیشگی لیکر اس کام کو نکرے تو راجہ اُس سے دو چند مزدوری دلا دے اور اگر بغیر مزدوری پیشگی لیے اُس کام کے کرنے کو کہے اور پھر نکرے تو جتنی مزدوری اُس کام کی ہو اُتنی ہی اُس سے لیوے سیوک لوگ اوزارون کی بھی حفاظت کریں —

या॰स॰ १९०

दाप्यस्तु दशमं भागं वाणिज्यपशुशस्यतः । अनिश्चित्य भृतिं यस्तु कारयेत्स महीक्षिता ॥ १९८ ॥
देशं कालं च योऽतीयाल्लाभं कुर्याच्च योऽन्यथा । तत्र स्यात्स्वामिनश्छन्दोऽधिकं देयं कृतेऽधिके ॥ १९९ ॥
यो यावत्कुरुते कर्म तावत्तस्य तु वेतनम् । उभयोरप्यसाध्यं चेत्साध्ये कुर्याद्यथाश्रुतं ॥ २०० ॥
अराजदैविकं नष्टं भाण्डं दाप्यस्तु वाहकः । प्रस्थानविघ्नकृच्चैव प्रदाप्यो द्विगुणां भृतिं ॥ २०१ ॥
प्रक्रान्ते सप्तमं भागं चतुर्थं पथि संत्यजन् । भृतिमर्द्धपथे सर्वां प्रदाप्यस्त्याजकोऽपि च ॥ २०२ ॥

۱۹۸ جو مزدوری ٹھہرائے بغیر کوئی تجارت پشو یا اناج کی کراوے تو جتنا منافع اُس تجارت میں ہو اُسکا دسواں حصّہ کام کرنیوالے کو راجہ دلاوے

۱۹۹ جو کام کرنیوالا دیش اور کال کا اُلنگھن کرے اور لابھ میں جو گھاٹا کرے تو اُسکی مزدوری دینے میں مالک کی جیسی اِچّھا ہو اور اگر دیش اور کال کی چترائی سے زیادہ فائدہ کیا ہو تو اُس کام کرنے والے کو مزدوری زیادہ دینا چاہیے ۔

۲۰۰ اگر ایک ہی کام کو دو آدمی کریں تو جو آدمی جتنا کام کرے اُسکو اُتنی مزدوری دینا چاہیے اگر دونوں سے نہو سکے تو جتنی آدمیوں سے ہو سکی اُنکی مزدوری بطریق مذکور دینا چاہیے

۲۰۱ جو برتن بغیر آفت آسمانی یا حاکم وقت کی وجہ کے علاوہ اور کسی طرح سے تلف ہو جاوے وہ ڈھونیوالے سے لینا چاہیے اور جو جاترا میں بگھن یعنی بادھا ڈالے اُس سے دوچند مزدوری لینا

۲۰۲ جو شخص جاترا کے شروع میں مزدوری چھوڑنے لگے اُس سے ساتواں حصّہ مزدوری کا لینا چاہیے اور جو تھوڑی دُور چلکر چھوڑے اُس سے چوتھا حصّہ اور جو آدھی راہ میں چھوڑے اُس سے تمام مزدوری لینا چاہیے اور چھوڑانے والے سے بھی اسیطرح دلانا چاہیے ۔ (مزدوری دینے کا پرکرن سماپت ہوا)

या.स्मृ. २.१९

ग्लहे शतिकवृद्धेस्तु सभिकः पंचकं शतं । गृह्णीयाद्धूर्तकितवादितराद्दशकं शतं ॥ २०३ ॥
स सम्यक् पालितो दद्याद्राज्ञे भागं यथाकृतं । जितमुद्ग्राहयेज्जेत्रे दद्यात्सत्यं वचः क्षमी ॥ २०४ ॥
प्राप्ते नृपतिना भागे प्रसिद्धे धूर्तमंडले । जितं ससभिके स्थाने दापयेदन्यथा न तु ॥ २०५ ॥
द्रष्टारो व्यवहाराणां साक्षिणश्च त एव हि । राज्ञा सचिन्हं निर्वास्याः कूटाक्षोपधिदेविनः ॥ २०६ ॥

۲۰۳ جو شخص جوا مین سو روپیہ جیتے اُس سے پھڑ والا پانچ روپیہ فیصدی لیوے اور اگر سو روپیہ سے زیادہ جیتے تو دسوان حصّہ لیوے

۲۰۴ اور پھڑ والا اگر راجہ سے اچھی طرح حفاظت کیا گیا ہو تو راجہ کو جو کچھ دینے کا اقرار کیا ہو وہ دے دیوے اور جیتنے والے کو جیت کا مال دلا دیوے اور جوا کھیلنے والونسے اعتماد پیدا ہونے کے لیے اخلاق و مروّت و راست بیانی سے پیش آیا کرے -

۲۰۵ اگر راجہ اپنا حصّہ پا چکا ہو اور جوا کا مقام مشہور ہو گیا ہو تو پھڑ والے کے سامنے جسنے جو جیتا ہو اُسکو اُتنا دلا دیوے اِس سے برخلاف ہو تو نہ دلاوے -

۲۰۶ ایسے مقدمات مین دیکھنے والے اور گواہ بھی وہی ہوتے ہین جو جوا مین موجود ہوتے ہین (نہ کہ وہ لوگ جو وید و شاستر پڑھے ہون جیسا کہ اوپر کہہ آئے ہین) اور جو لوگ فریب سے کھیلنے والے ہین اُنکی پیشانی پر راجہ داغ دلوا کر اپنی راج سے باہر نکلوا دے -

ना· स· ९२

द्यूतमेकमुखं कार्यं तस्करज्ञानकारणात्। एष एव विधिर्ज्ञेयः प्राणिद्यूते समाह्वये ॥२०७॥
सत्यासत्यान्यथास्तोत्रैर्न्यूनाङ्गेन्द्रियरोगिणाम्। क्षेपं करोति चेद्दण्ड्यः पणानर्द्धत्रयोदश ॥२०८॥
अभिगन्तास्मि भगिनीं मातरं वा तवेति ह। शपन्तं दापयेद्राजा पञ्चविंशतिकं दमम् ॥२०९॥
अर्द्धोऽधमेषु द्विगुणः परस्त्रीपूर्वमेषु च। दण्डप्रणयनं कार्यं वर्णजात्युत्तराधरैः ॥२१०॥
प्रातिलोम्यापवादेषु द्विगुणत्रिगुणा दमाः। वर्णानामानुलोम्येन तस्मादर्द्धार्द्धहानितः ॥२११॥

۲۰۷ چوروں کو پہچاننے کے لیے سب جواریوں کا ایک پردھان (مقدم ۱۲) بنانا چاہیے یہی اسکی بدھ ہے کہ براہمنوں کو جوا میں بلاوے —

۲۰۸ جو کوئی کسی انگ بھنگ والے یا بیمار کو جھوٹھی باتوں سے یا طعنہ زنی سے چڑھاوے تو اس سے ساڑھے تیرہ ۱۳ پن ڈنڈ راجہ لیوے —

۲۰۹ جو شخص ماں بہن کی گالی دیوے اس سے پچیس ۲۵ پن ڈنڈ راجہ لیوے —

۲۱۰ اگر اپنے سے چھوٹی ذات کو گالی دے تو جتنا کہا ہے اسکا آدھا ڈنڈ دے اور اگر اپنے سے بڑی ذات یا پرائی عورت کو گالی دے تو دوگنا (دوچند ۱۲) ڈنڈ دے اسی طرح ورن اور ذات کی اونچائی اور نیچائی دیکھکر ڈنڈ دیا کرے —

۲۱۱ براہمن آدی ورنوں میں جو الٹا چھوٹا بڑے کو گالی دے تو دونا تگنا (دوچند ۱۲ سہ چند ۱۲) وغیرہ ڈنڈ دینا چاہیے اور انولوم کو یعنی بڑی ذات والا چھوٹی ذات والے کو گالی دے تو آدھا آدھا ڈنڈ گھٹا لینا چاہیے ۔

बाहुग्रीवानेत्रसक्थिविनाशे वाचिके दमः । शक्तः स्तदर्द्धिकः पादनासाकर्णकरादिषु ॥ २१२ ॥
अशक्तस्तु वदन्नेवं दंडनीयः पणान्दश । तथा शक्तः प्रतिभुवं दाप्यः क्षेमाय तस्य तु ॥ २१३ ॥
पतनीयकृते क्षेपे दंडो मध्यमसाहसः । उपपातकयुक्ते तु दाप्यः प्रथमसाहसम् ॥ २१४ ॥
त्रैविद्यनृपदेवानां क्षेप उत्तमसाहसः । मध्यमो जातिपूगानां प्रथमो ग्रामदेशयोः ॥ २१५ ॥

۲۱۲ جو زبان سے کہے کہ تیرا بازو گلا آنکھ ہڈی توڑ ڈالینگے تو سَو پَن ڈنڈ دیوے اور اگر پانون ناک کان ہاتھ وغیرہ توڑنیکو کہے تو پچاس پَن ڈنڈ دیوے

۲۱۳ اگر کوئی بیمار آدمی اوپر لکھی ہوئی باتین کہے تو اُس سے دس پَن ڈنڈ لینا چاہیے اور اگر وہی اوپر لکھی ہوئی باتین بیمار آدمی کو کوئی تندرست آدمی کہے تو سَو پَن ڈنڈ اور اُسکے کُشل رہنے کے لیے ضامن بھی دیوے ۔

۲۱۴ جو شخص کسی شخص کو ایسی تہمت لگاوے کہ جس سے پتت (یعنی ذات سے باہر) ہونا ممکن ہو تو اُسکو مدھیم ساہس ڈنڈ (جسکا بیان پہلے ادھیاے مین ہو چکا ہے) دینا چاہیے اور اگر اُپ پاتک سمہت تہمت لگاوے تو پرتھم ساہس ڈنڈ دینا چاہیے ۔

۲۱۵ اگر تینون وید جاننے والے کو یا راجہ یا دیوتا کو تہمت لگاوے تو اُتّم ساہس ڈنڈ دیوے اور اگر ذات یا جماعت کو تہمت لگاوے تو اُس سے مدھیم ساہس اور جو گانون یا دیش کو تہمت لگاوے تو پرتھم ساہس ڈنڈ دیوے ۔

(گالی دینے کا پرکرن سماپت ہوا)

या॰स॰
२१४

असाक्षिकहते चिन्हैर्युक्तिभिश्चागमेनच। दृष्टव्यो व्यवहारस्तु कूटचिन्हकृतोभयात ॥ २१६ ॥
भस्मपंकरजःस्पर्शे दंडो दशपणः स्मृतः। अमेध्यपार्ष्णिनिष्ठ्यूतस्पर्शने द्विगुणः स्मृतः ॥ २१७ ॥
समेष्वेवं परस्त्रीषु द्विगुणस्तूत्तमेषुच। हीनेष्वर्द्धदमो मोहमदादिभिरदंडनम ॥ २१८ ॥
विप्रपीड़ाकरं छेद्यमंगमब्राह्मणस्यतु। उद्गूर्णे प्रथमोदंडः संस्पर्शेतु तदर्द्धिकः ॥ २१९ ॥

۲۱۶ بغیر گواہ کے اگر کوئی کہے کہ مجھکو تنہائی مین فلان شخص نے مارا ہے تو علامات اور تدبیر (سبب و مطالب وغیرہ) اور آگم (جن پرماد) بناساکشی
صورت ۱۶
ہار دیکھے کیونکہ جھوٹھی علامت بنالینے کا شک رہتا ہے اسلیے امتحان بھی کرلینا چاہیے -

۲۱۷ جو کوئی شخص کسی کی اوپر راکھہ اور کیچڑ خواہ دھول پھیکے تو اُس سے دس پن ڈنڈ لینا چاہیے اور جو تھوک کھکھار وغیرہ اور اینڈی او
کلّی کرکے کیسکو مارے تو اُس سے دونا ڈنڈ (یعنی بیس پن) لینا چاہیے -

۲۱۸ یہ ڈنڈ اپنے برابر والون مین جاننا اور اُتّم ذات یا غیر کی عورت کے مقدمہ مین دوچند تاوان لینا چاہیے اور چھوٹی ذات کے مقدمہ مین آدھا ڈنڈ
لینا چاہیے اور اگر سہواً یا شراب وغیرہ کے نشہ مین اگشت کیا ہو تو کچھ ڈنڈ نہ دینا چاہیے -

आक्षेप
۲۱۹ براہمن کو اگر کسی دوسری ذات والے نے دُکھہ دیا ہو تو جس عضو سے دُکھہ دیا ہو وہ عضو کٹوا ڈالنا چاہیے اور اگر مارنے کے واسطے ہتھیار
اُٹھاوے تو پرتھم ساہس ڈنڈ دے اور ہتھیار چھوکر رکھدے تو آدھا ڈنڈ دینا چاہیے -

या.स. २१५

उद्गूर्णे हस्तपादे तु दशविंशतिकौ दमौ । परस्परं तु सर्वेषां शास्त्रे मध्यम साहसः ॥ २२० ॥
पादकेशांशुककरोल्लुंचनेषु पणान्दश । पीडाकर्षांशुकावेष्टपादाध्यासे शतं दमः ॥ २२१ ॥
शोणितेन विना दुःखं कुर्वन्काष्ठादिभिर्नरः । द्वात्रिंशतं पणान्दंड्यो द्विगुणं दर्शने सृजः ॥ २२२ ॥
करपाददतो भंगे छेदने कर्णनाशयोः । मध्यो दंडो व्रणोद्भेदे मृतकल्प हते तथा ॥ २२३ ॥
चेष्टाभोजनवाग्रोधे नेत्रादिप्रतिभेदने । कंधराबाहुसक्थ्नां च भंगे मध्यम साहसः ॥ २२४ ॥

۲۲۰ اپنے برابر ذات والے کو مارنے کے واسطے ہاتھ یا پانوں اٹھاوے تو سب ورنوں کو سلسلہ سے دس اور بیس پن ڈنڈ دینا چاہیے اور
اگر ہتھیار اٹھاوے تو مدھیم ساہس ڈنڈ دینا چاہیے -

۲۲۱ اگر پانوں بال کپڑا ہاتھ انہیں سے کسی ایک کو پکڑ کر کھینچے تو اس سے دس پن ڈنڈ لینا چاہیے اور اگر کپڑے سے لپیٹ کر زور سے دبا کر
پانوں سے مارے یا کھینچے تو اس سے سو پن ڈنڈ لینا چاہیے -

۲۲۲ اگر لکڑی وغیرہ سے ایسا مارے کہ خون نہ نکلے تو اس سے بتیس ۳۲ پن ڈنڈ لینا چاہیے اور اگر خون نکلے تو دونا ڈنڈ لینا چاہیے -

۲۲۳ اگر ہاتھ پانوں یا دانت توڑ ڈالے یا ناک کان کاٹ لے یا چھوٹا گھاؤ ڈالے اور ادھ مرا کے برابر کردے تو اس سے مدھیم ساہس ڈنڈ لینا چاہیے

۲۲۴ اگر چلنا کھانا بولنا کیسا بند کردے یا آنکھ یا زبان میں چوٹ دے یا کندھا یا بازو یا موٹی جانگھ توڑ دے تو مدھیم ساہس کا ڈنڈ دیوے -

एकं घ्नतां वहूनांचयथोक्ताद्विगुणोदमः । कलहापहृतंदेयंदंडश्चद्विगुणस्ततः ॥ २२५ ॥
दुःखमुत्पादयेद्यस्तु स समुत्थानजंव्ययं । दाप्योदाण्डञ्चयोयस्मिन्कलहे समुदाहृतः ॥ २२६ ॥
अभिघाते तथा छेदे भेदे कुड्यावपातने । पणान्दाप्यः पंचदश विंशतिं तद्व्ययं तथा ॥ २२७ ॥
दुःखोत्पादि गृहे द्रव्यं क्षिपन्प्राणहरं तथा । पोडशाद्यः पणान्दाप्यो द्वितीयो मध्यमं दमम् ॥ २२८ ॥

۲۲۵ کئی آدمی ملکر ایک آدمی کو مارین پیٹین توجس اپرادھ مین جو دنڈ کہا ہے اسکا دُونا ہر ایک سے لینا چاہیے اور جو چیز لڑائی مین چُرالی ہو اُسکا دُونا دنڈ راجہ لیوے اور وہ چیز بھی مالک کو دلا دے ۔

۲۲۶ جو لڑائی کر کے کسیکو دُکھ دے تو اُسکی دوا علاج مین جو کچھ خرچ ہو وہ اور جس دنڈ کے لائق اپرادھ ہو اُتنا دنڈ بھی ادا کرے ۔

۲۲۷ جو کوئی کسیکی دیوار مین دھکا دے یا چھید کر دے یا بیچ مین گرا دے تو سلسلہ سے پانچ دس بیس پن دنڈ دے اور اگر ساری دیوار گرادے تو پینتیس پن دنڈ دے اور جو کچھ اُس دیوار کے بنانے مین خرچ ہو وہ بھی دے ۔

۲۲۸ جو کسی کے گھر مین دُکھ دینے والی یا جان لینے والی چیز پھینکے تو اُس سے سلسلہ سے سولہ پن پہلے مین اور مدھیم ساہس دوسرے مین (یعنی جان لینے والی چیز مین) دنڈ لینا چاہیے ۔

भा·स·
२९७

दुःखे च शोणितोत्पादे शाखांगच्छेदने तथा । दंडः क्षुद्रपशूनां तु द्विपणप्रभृति क्रमात् ॥ २२९ ॥
लिंगस्य छेदने मृत्यौ मध्यमो मूल्यमेव च । महापशूनामेतेषु स्थानेषु द्विगुणो दमः ॥ २३० ॥
प्ररोहिशाखिनां शाखास्कंधसर्वविदारणे । उपजीव्यद्रुमाणां च विंशतेर्द्विगुणो दमः ॥ २३१ ॥
चैत्यश्मशानसीमासु पुण्यस्थाने सुरालये । जातद्रुमाणां द्विगुणो दमो वृक्षेय विश्रुते ॥ २३२ ॥

۱۱۸
۳۳

۲۲۹ چھوٹے چھوٹے چوپایون کو (بکری و ہرن وغیرہ کو) جو تنبیہ کرے اور ایسا مارے کہ خون نکل اوسے اور بیجان عضو (مثل سینگ وغیرہ) کو کاٹ ڈالے یا جاندار عضو کو توڑ ڈالے تو سلسلہ سے دو چار چھ آٹھ پن ڈنڈ دیوے ۔

۲۳۰ اور اگر اُن چوپایونکا عضو تناسل بیکار کر دے یا مار ڈالے تو مالک کو اُنکی قیمت ادا کرے اور راجہ کو مدھیم ساہس ڈنڈ دے اور اگر بڑے چوپایون کے اعضائے مذکورہ صدر بیکار کر دے تو دوگونا ڈنڈ دے ۔

۲۳۱ جن درختون کی قلم لگ سکتی ہے ایسے درختون کو یا جن درختون کے ذریعہ سے آدمی کی معاش چلتی ہو اُنکی شاخ یا اسکند یا جڑ کاٹے تو سلسلہ سے بیس چالیس اسّی پن ڈنڈ دیوے ۔

۲۳۲ جو درخت چِتا والے مرگھٹ یا سرحد یا پُنیہ استھان یا دیوتا کے استھان مین لگا ہو یا مشہور درخت ہو اُسکی شاخ وغیرہ کاٹے تو دونا ڈنڈ دیوے ۔

یعنی پیپر کھ وغیرہ ۱۲

भा॰
२

या॰ स॰
११८

गुल्मगुच्छक्षुपलताप्रतानौषधिवीरुधां । पूर्वस्मृतादर्द्धदंडः स्थानेषूक्तेषु कर्त्तने ॥ २३३ ॥
सामान्याद्द्रव्यप्रसभहरणात्साहसं स्मृतं । तन्मूल्याद्द्विगुणो दंडो निन्हवे तु चतुर्गुणं ॥ २३४ ॥
यः साहसं कारयति स दाप्यो द्विगुणं दमं । यश्चैवमुक्त्वाहं दाता कारयेत्स चतुर्गुणं ॥ २३५ ॥
अर्घ्याक्रोशातिक्रमकृद्भ्रातृभार्याप्रहारदः । संदिष्टस्याप्रदाता च समुद्रगृहभेदकृत ॥ २३६ ॥
सामंतकुलिकादीनामपकारस्य कारकः । पंचाशत्पणिको दंड एषामिति विनिश्चयः ॥ २३७ ॥

۲۳۳ گُلم (یعنی جو بیل گھنی ہو لمبی نہو جیسے مالتی) گُچھہ (وہ سیدھی نہو جیسے کُرنڈ) اور چھوٹی ٹہنی والی (جیسے کنیر) اور لتا ان سبھونکی شاخ وغیرہ مقامات مذکورہ بالا مین کاٹے تو آدھا ڈنڈ دیوے —
(ڈنڈ کا پہر کرن مطابق ہوا)

۲۳۴ کسی کی چیز زبردستی سے لیجاوے تو جتنے کی وہ چیز ہو اُسکا دونا ڈنڈ دیوے اور اگر انکار کرے تو چوگنا ڈنڈ دیوے —

۲۳۵ جو دوسرے سے زبردستی کراتا ہے اُس سے دونا ڈنڈ لینا چاہیے اور جو یہ کہے کہ جتنا روپیہ خرچ ہوگا ہم دینگے تو کر اُس سے چوگنا ڈنڈ لینا چاہیے

۲۳۶ جو پوجنے کے لائق ہو اُسکو نہ پوچھے یا آگیا نہ مانے یا بھائی کی عورت کو مارے یا سندیسا (پیام) نہ کہے یا قفل توڑے —

۲۳۷ یا پڑوسی یا اپنے محلہ والے کا نقصان کرے تو ان سبھون کو پچاس پچاس پن ڈنڈ دینا چاہیے یہ یقین ہے —

स्वच्छन्दविधवागामी विक्रुष्टेनाभिधावकः। अकारणे च विक्रोष्टा चंडालश्चोत्तमान्स्पृशन्॥२३८॥
शूद्रप्रव्रजितानां च दैवे पित्र्ये च भोजकः। अयुक्तं शपथं कुर्वन्नयोग्यो योग्यकर्मकृत्॥२३९॥
वृषक्षुद्रपशूनां च पुंस्त्वस्य प्रतिघातकृत्। साधारणस्यापलापी दासीगर्भविनाशकृत्॥२४०॥
पितापुत्रस्वसृभ्रातृदंपत्याचार्यशिष्यकाः। एषामपतितान्योन्यत्यागी च शतदंडभाक्॥२४१॥
वसानस्त्रीन्पणान्दंड्यो नेजकस्तु परांशुकं। विक्रयावक्रयाधानयाचितेषु पणान्दश॥२४२॥
पितापुत्रविरोधे तु साक्षिणां त्रिपणो दमः। अंतरे च तयोर्यः स्यात्तस्याप्यष्टगुणो दमः॥२४३॥

۲۳۸ جو شخص جان بوجھکر بیوہ عورت سے جماع کرے اور کوئی دُکھی ہوکر پکارے اور نہ دوڑے اور جو بلا وجہ پکارے اور جو چانڈال ہوکر اونچی ذات کو چھوئے ۔
۲۳۹ جو شخص شودر اور سنیاسی کو دیوتا یا پتر کرم مین بھوجن کراوے یا نہ کھانیکی لائق قسم کو کھاوے یا جس کام کے لائق نہو اُسکو کرے ۔
۲۴۰ بیل اور چھوٹے چوپایون کو بدھیا کرنیوالا سادھارن بست (جسمین سب کی ملکیت ہو) کو چھپانے والا داسی کا گربھ گرانے والا ۔
۲۴۱ اِن سبھون سے اور باپ بیٹا بھائی شوہر و زوجہ واچارج و چیلا کو درحالیکہ وہ پتت نہوئے ہون اور انکو چھوڑدے اُس سے بھی سَو روپیہ ڈنڈ لینا چاہیے
۲۴۲ اگر دھوبی پرایا کپڑا پہنے تو تین پن ڈنڈ دے اور اگر فروخت کرڈالے یا کرایہ پر چلاوے یا عاریت مین دے دے یا رہن کردے تو دس پن ڈنڈ دے ۔
۲۴۳ باپ اور بیٹے کی لڑائی مین جو گواہ بنے اُس سے تین پن ڈنڈ لینا اور جو اُنکا درمیانی ہو اُس سے چوبیس پن ڈنڈ لینا چاہیے

धा·म· १२०

तुलाशासनमानानां कूटकन्नाणकस्य च । एभिश्च व्यवहर्ता यः स दाप्यो दममुत्तमम् ॥ २४४ ॥
अकूटं कूटकं ब्रूते कूटं यश्चाप्यकूटकं । स नाणकपरीक्षी तु दाप्य उत्तम साहसम् ॥ २४५ ॥
भिषङ्मिथ्याचरन्दंड्यस्तिर्यक्षु प्रथमं दमं । मानुषे मध्यमं राजपुरुषेषूत्तमं दमं ॥ २४६ ॥
अवध्यं यश्च बध्नाति वध्यं यश्च प्रमुंचति । अप्राप्तव्यवहारं च स दाप्यो दम मुत्तमं ॥ २४७ ॥
मानेन तुलया वापि योंऽशमष्टमकं हरेत् । दंडं स दाप्यो द्विशतं वृद्धौ हानौ च कल्पितं ॥ २४८ ॥

۲۴۴ جو تُلا (ترازو) شاسن (راجہ کی آگیا) مان (باٹ) اور نانک (سکّہ) کو کم یا زیادہ بناوے اور جو اُنکو کام مین لاوے اُسکو اُتّم ساہس ڈنڈ دینا چاہیے

۲۴۵ جو سکہ کا امتحان کرنیوالا بُرے کو اچھا اور اچھے کو بُرا بتلاوے تو اُس کو بھی اُتّم ساہس ڈنڈ دینا چاہیے

۲۴۶ جو بید (طبیب) چوپایہ یا پرند کو جھوٹھی یا برخلاف دوا دے تو اُسکو پرتھم ساہس ڈنڈ دینا چاہیے اور اگر آدمی کو مخالف دوا دے تو مدھیم ساہس اور اگر راجہ کے آدمی کو مخالف دوا دے تو اُتّم ساہس ڈنڈ دینا چاہیے

۲۴۷ جو نہ گرفتار کرنیکے لائق آدمی کو گرفتار کرے یا گرفتار کرنیکے لائق آدمی کو چھوڑ دے یا بالک یا پردیسی کو گرفتار کرے تو اُس سے اُتّم ساہس ڈنڈ لینا چاہیے

۲۴۸ تُلا یا تول مین جو آٹھواں حصّہ چیز کا چرا لیوے تو اُس سے دو سو پن ڈنڈ لینا چاہیے اور اگر اس سے کم یا زیادہ چراوے تو اُسی حساب سے گھٹا بڑھا لینا چاہیے

मा॰ स॰ २२१

भेषजस्नेहलवणगंधधान्यगुडादिषु । पण्येषु प्रक्षिपन् हीनं पणान् दाप्यस्तु षोडश ॥ २४९ ॥

मृच्चर्ममणिसूत्रायः काष्ठवल्कलवाससां । अजातौ जातिकरणे विक्रेयाष्टगुणो दमः ॥ २५० ॥

समुद्रपरिवर्तं च सारभांडं च कृत्रिमं । आधानं विक्रयं वापि नयतो दंडकल्पना ॥ २५१ ॥

भिन्ने पणे तु पंचाशत्पणे तु शतमुच्यते । द्विपणे द्विशतो दंडो मूल्यवृद्धौ च वृद्धिमान् ॥ २५२ ॥

संभूय कुर्वतामर्घं सबाधं कारुशिल्पिनां । अर्घस्य ह्रासं वृद्धिं वा जानतो दम उत्तमः ॥ २५३ ॥

۲۴۹ دوا چکنائی نمک خوشبویات غلہ گُڑ وغیرہ میں جو کچھ ناقص چیز ملاوے تو سولہ پَن ڈنڈ دے -

۲۵۰ مٹی چمڑا جواہرات سوت لوہا لکڑی درخت کی چھال اور کپڑا انکو ناقص سے اچھا کھرا بنا کر بیچے تو جتنے کو بیچے اُس سے آٹھ گُنا ڈنڈ دیوے -

۲۵۱ اگر کوئی شخص سر بمہر چیز کو چالاکی سے اَدَل بَدَل کردے یا مُشک وغیرہ کو بنا کر رکھے یا بیچے تو اُس سے آگے لکھا ہوا ڈنڈ لینا چاہیے -

۲۵۲ جو پَن سے کم تول والی بناوٹ کی چیز کو رہن رکھے یا بیچے تو پچاس پَن ڈنڈ دے اور اگر پَن بھر کی چیز رہن رکھے یا بیچے تو سَو سَو پَن بھر میں دو سو پَن ڈنڈ دے اسیطرح جتنا مُول (قیمت) بڑھتا جاوے اُتنا ڈنڈ بڑھتا جاوے -

۲۵۳ اگر بنیا لوگ (بقّال) اُس نرخ سے جو راجہ نے ٹھہرا دیا ہو آپس میں صلاح کرکے اپنے فائدہ کے لیے کم یا زیادہ فروخت کریں کہ جس سے کارُو (دھوبی وغیرہ) اور شلپی (کاریگر وغیرہ) کو تکلیف پہونچے تو انکو اُتم ساہس (یعنی ۱۰۰۰ پَن) ڈنڈ دینا چاہیے -

या.म.
१२२

संभूयवणिजाम्पणयमनर्घेणोपरुंधतां । विक्रीणतां वाविहितो दंड उत्तम साहसः ॥ २५४ ॥
राजनिस्थाप्यते योर्घः प्रत्यहं तेन विक्रयः । क्रयो वा निस्रवस्तस्माद्वणिजांलाभकृत्स्मृतः ॥ २५५ ॥
स्वदेशपण्येतुशतंवणिग्गृह्णीतपञ्चकं । दशकं पारदेश्ये तु यः सद्यः क्रयविक्रयी ॥ २५६ ॥
पण्यस्योपरिसंस्थाप्यव्ययंपण्यसमुद्भवं । अर्घोनुग्रहकृत्कार्यः क्रेतुर्विक्रेतुरेवच ॥ २५७ ॥
गृहीतमूल्यंयः पण्यंक्रेतुर्नैवप्रयच्छति । सोदयंतस्यदाप्योसौदिग्लाभंवादिगागते ॥ २५८ ॥

۲۵۴ جو بنیا آپس میں اتفاق کرکے اچھی چیز کو تھوڑی قیمت پر بکنے کیلیے روک رکھے یا چھوٹی چیز کو بڑی قیمت پر بیچے تو بھی اُتم ساہس ڈنڈ دے —

۲۵۵ جو نرخ راجہ مقرر کر دے اُسی نرخ پر ہر روز خرید و فروخت کرے اُس سے جو کچھ بچ رہے وہی بنیا اپنا فائدہ سمجھے نہ یہ کہ اپنے من کا مانا بھاؤ ٹھہرالیا کرے —

۲۵۶ اپنے ملک کی چیز جو بنیا جھٹ پٹ بیچے تو پانچ روپیہ سیکڑہ منافع لے اور اگر دُور دیش کی چیز بیچے تو دس روپیہ سیکڑہ منافع لے —

۲۵۷ مال کا مول اور خرچہ دونوں کو سمجھکر اور اسطرح کہ اُس سے کچھ زیادہ فائدہ بیچنے والے اور لینے والے کو ہو بکری کا بھاؤ راجہ ٹھہرا دے —

۲۵۸ اگر مال کی قیمت لیکر خریدار کو مال نہ دے تو اُس سے راجہ مع سُود کے دلا دے اور اگر مال خریدنے والا دُور دراز ملک سے آیا ہو تو جتنا فائدہ اُسکو اپنے ملک میں لیجا کر بیچنے سے ہوتا وہ بھی اُسکو راجہ دلا دے —

या०स०
१२३

विक्रीतमपिविक्रेयंपूर्वक्रेतर्यगृह्णति । हानिश्चेत्क्रेतृदोषेणक्रेतुरेवहिसाभवेत् ॥ २५९ ॥
राजदैवोपघातेनपण्येदोषमुपागते । हानिर्विक्रेतुरेवासौयाचितस्याप्रयच्छतः ॥ २६० ॥
अन्यहस्तेचविक्रीतंदुष्टंवादुष्टवद्यदि । विक्रीणीतेदमस्तत्रमूल्यात्तुद्विगुणोभवेत् ॥ २६१ ॥
क्षयवृद्धिंचवणिजापण्यानामविजानता । क्रीत्वानानुशयःकार्यःकुर्वन्षड्भागदंडभाक् ॥ २६२ ॥
समवायेनवणिजांलाभार्थंकर्मकुर्वतां । लाभालाभौयथाद्रव्यंयथावासंविदाकृतौ ॥ २६३ ॥

۲۵۹ اگر پہلا خریدار سودا نہ لے تو دوسرے کے ہاتھ بیچنا چاہیے اور اگر خریدار کی وجہ سے سودا مین نقصان ہو تو وہ خریدار کے ذمہ ہوگا -

۲۶۰ خریدار مانگتا ہو اور بیچنے والا نہ دیتا ہو اور اس درمیان مین وہ چیز بگڑ جاوے تو وہ نقصان بیچنے والے کے ذمہ ہوگا -

۲۶۱ اگر کوئی شخص کسی چیز کو ایک کے ہاتھ بیچکر پھر اسکو دوسرے کے ہاتھ بیچے یا ناقص چیز کو اچھی چیز بناکر بیچے تو جس قیمت کی وہ چیز ہو اس سے دونا ڈنڈ راجہ اس شخص سے لے جسنے کہ بیچا ہو -

۲۶۲ جو بنیا سودے کا نفع و نقصان نہ جانے تو مول لیکر اسمین شک و شبہہ کرکے پھیر اہاری نکرے اگر کرے تو چھٹوان حصہ اسکا ڈنڈ دیوے -

(بکری کی چیزونکا بیان ختم ہوا)

۲۶۳ اگر بنیا لوگ آپسمین شریک ہوکر کوئی کام کرین تو اپنے اپنے روپیہ کے موافق نفع و نقصان اٹھاوین یا جیسی صلاح کرلی ہو ویسا اٹھاوین -

या॰स
१२५

प्रतिषिद्धमनादिष्टं प्रमादाद्यच्च नाशितं । स तद्दद्यादविप्लवाच्च रक्षिताद्दशमांशभाक् ॥२६४॥
अर्धप्रक्षेपणाद्विंशभागं शुल्कं नृपो हरेत् । व्यासिद्धं राजयोग्यं च विक्रीतं राजगामि तत् ॥२६५॥
मिथ्या वदन्परीमाणं शुल्कस्थानादपासरन् । दाप्यस्त्वष्टगुणं यश्च सव्याजक्रयविक्रयी ॥२६६॥
तरिकः स्थलजं शुल्कं गृह्णन्दाप्यः पणान्दश । ब्राह्मणप्रातिवेश्यानामेतदेवानिमन्त्रणे ॥२६७॥

۲۶۴ اگر اُنمیں سے کوئی شخص ایسی بات جو منع کی گئی اُسکے کرنے سے یا بغیر صلاح اور حکم کے کسی بات کے کرنے سے کسی چیز کا نقصان کر دے تو وہ نقصان اُسکو ادا کرے اور جو آفت سے بچا وے وہ دسوان حصّہ پاوے ۔

۲۶۵ نرخ مقرر کرنے کی وجہ سے بیسوان حصّہ راجہ محصول لیوے اور جو چیز بیچنے کے واسطے منع کی گئی ہو یا راجہ کے لائق ہو تو وہ دوسرے کے ہاتھ بک جانے پر بھی راجہ لے لیوے ۔

۲۶۶ جو شخص محصول دینے کے خوف سے وزن کم بتلاوے یا محصول کے مقام سے بھاگ جاوے یا ایسی چیز خرید یا فروخت کرے کہ جسکے واسطے دو آدمیوں کا جھگڑا ہو رہا ہو تو اُن سبھوں سے آٹھ گنا ڈنڈ لینا چاہیے ۔

۲۶۷ جو کشتی کا محصول لینے والا ہے اور وہ سڑک کا محصول لیوے تو دس پن ڈنڈ دیوے اور جو پڑوسی برہمن کو شرادھ میں نیوتا نہ دے تو بھی یہی ڈنڈ دیوے ۔

या॰स॰ १२५ | १२०

देशान्तरगते प्रेते द्रव्यं दायादबांधवाः । ज्ञातयो वा हरेयुस्तदागतास्तैर्विना नृपः ॥ २६८ ॥

जिह्मं त्यजेयुर्निर्लाभमशक्तोन्येन कारयेत् । अनेन विधिराख्यात ऋत्विक्कार्षककर्मिणाम् ॥ २६९ ॥

ग्राहकैर्गृह्यते चौरो लोप्त्रेणाथ पदेन वा । पूर्वकर्मापराधी च तथा चाशुद्धवासकः ॥ २७० ॥

अन्येपि शंकया ग्राह्या जातिनामादिनिन्हवैः । द्यूतस्त्रीपानसक्ताश्च शुष्कभिन्नमुखस्वराः ॥ २७१ ॥

۲۶۸ اگر (باہم شراکت مین تجارت کرنیوالون مین سے) کوئی دُور دیش جاکر مرجاے تو اُسکے دایاد (یعنی ترکہ پانیوالے) یا بھائی بند یا ذات کے لوگ
اگر اُسکا حصّہ لیوین اور اگر اِنمین سے کوئی نہ آوے تو راجہ لیوے -

۲۶۹ شراکت سے تجارت کرنیوالون مین سے اگر کوئی شریک بددیانتی کرے تو اُسکو کچھ منافع نہ دے کر اپنی صحبت سے نکال دے اور جو نہ
طاقت ہو تو اپنا کام دوسرے سے کروا دیوے اِسی سے رتویج اور کھیتی کے کام کرنے والون کی بھی ریت سمجھ لینا - (شراکت کا بیان ختم ہوا)

۲۷۰ گراہک لوگ (یعنی راجہ کے اہلکار) اشخاص مندرجۂ ذیل کو چوری کی علت مین گرفتار کرین - جسکو سب آدمی چور کہین - جسکے پاس مال مسروقہ کی
کچھ علامت نکلے جسکا نقش پا چوری کے مقام کے نقش پا سے مل جاے - جسنے پہلے بھی چوری کی ہو - جسکے بود و باش کا مقام معلوم نہو -

۲۷۱ اور بھی جو اپنی ذات اور نام وغیرہ چھپاتی ہین اور جو جوا کھیلنے اور دوسرے کی عورت سے جماع کرنے اور شراب خواری مین مصروف رہا کرتی ہین
اور جنکا مُنہہ ایسا پوچھنے سے کہ تم کون ہو خشک ہو جاے اور آواز بدل جاے -

या॰ स॰
१२६

परद्रव्यगृहाणांचपृच्छकागूढचारिणः । निरायाव्ययवंतश्चविनष्टद्रव्यविक्रयाः ॥ २७२ ॥
गृहीताशंकयाचौर्येनात्मानंचेद्विशोधयेत् । दापयित्वागतंद्रव्यंचौरदंडेनदंडयेत् ॥ २७३ ॥
चौरंप्रदाप्यापहृतंघातयेद्विविधैर्वधैः । सचिन्हंब्राह्मणंकृत्वास्वराष्ट्राद्विप्रवासयेत् ॥ २७४ ॥
घातितेपहृतेदोषोग्रामभर्तुरनिर्गते । विवीतभर्तुस्तुपथिचौरोद्धर्तुरवीतके ॥ २७५ ॥

۲۷۲ اور جو دوسرے کی دولت اور مکان پوچھتے پھرتے ہین اور جو بھیس بدلے پھرتے ہین اور جنکی آمدنی نہو اور خرچ زیادہ ہو اور جو ٹوٹی پھوٹی چیز کو بیچا کرتے ہون ان سبھون کو اشتباہ مین گرفتار کرنا چاہیے ۔

۲۷۳ جو شخص اشتباہ مین گرفتار ہوا ہو اور اپنی صفائی نہ کرے تو اُس سے چوری گئی ہوئی چیز دلوانی چاہیے اور اُسکو چور کی طرح دنڈ دینا چاہیے

۲۷۴ چور سے چوری گئی ہوئی چیز دلوا کر طرح طرح کی مار پیٹ سے اُسکو دنڈ دینا چاہیے اور اگر چوری کرنے والا برہمن ہو تو اُسکی پیشانی پر کُتے کے پنجون کا داغ دے کر اپنی راج سے باہر نکال دیوے ۔

۲۷۵ اگر گانون کے اندر چوری یا قتل کی واردات ہو اور چور یا قاتل کا پتہ نہ ملے تو گرام پال کا قصور جاننا (یعنی اُسی سے وہ چیز یا دنڈ لینا چاہیے) بمبیت (باڑہ) یا سراے مین چوری وغیرہ واردات ہو تو اُسکے محافظ سے لینا چاہیے اور اگر راستہ مین ہو تو راستہ کے محافظ سے لینا چاہیے ۔

या॰स॰ १२७

स्वसीम्नि दद्याद्ग्रामस्तु पदं वा यत्र गच्छति । पंचग्रामी वहिः क्रोशाद्दशग्राम्यथवा पुनः ॥ २७६ ॥
वन्दिग्राहांस्तथा वाजि कुंजराणां च हारिणः । प्रसह्य घातिनश्चैव शूलानारोपयेन्नरान् ॥ २७७ ॥
उत्क्षेपकग्रंथिभेदौ करसंदंशहीनकौ । कार्य्यौ द्वितीयापराधे करपादैकहीनकौ ॥ २७८ ॥
क्षुद्रमध्यमहाद्रव्यहरणे सारतो दमः । देशकालवयःशक्तिं संचिंत्य दंडकर्म्मणि ॥ २७९ ॥
भक्तावकाशाग्न्युदकमंत्रोपकरणव्ययान् । दत्वा चौरस्य वा हंतुर्जानतो दम उत्तमः ॥ २८० ॥

۲۷۶ جس گانون کی حد کے اندر چوری وغیرہ ہوئی ہو تو اُس گانون سے وہ چیز لینا چاہیے یا جہان چور کے پانون کا نشان ہو اُس جگہ کے مالک سے لینا چاہیے اگر کئی گانون کے درمیان کوس دو کوس کے اِردگرد مین چوری وغیرہ ہوئی ہو تو اُسکے آس پاس والے پانچ یا دس گانون سے لینا چاہیے -

۲۷۷ جو قیدی کو چھوڑ لیجاتے ہون یا گھوڑا ہاتھی چُرا لوین یا زبردستی کسیکو مار ڈالین تو اِن سبھونکو سُولی پہ چڑھاوے -

۲۷۸ اُچکا اور گٹھ کٹا اِن دونون کا پہلے قصور مین ہاتھ اور چھنگلی کٹوا ڈالنا چاہیے اور دوسرے قصور مین ایک ایک ہاتھ اور پانون کٹوا ڈالنا چاہیے -

۲۷۹ چھوٹی اوسط اور بڑی چیز کے چرانے مین اُس چیز کی قیمت کے موافق سزا دینا چاہیے اور مُلک اور وقت اور عمر کو دیکھکر سزا تجویز کرنا چاہیے -

۲۸۰ کھانا - رہنے کی جگہ - آگ - پانی - صلاح - اوزار - خرچ اِن چیزون کے ذریعہ سے جو شخص چور یا مارنے والے کو مدد دیوے یا اُنکو جانتا ہو تو اُسکو اُتّم ڈنڈ دینا چاہیے -

या·स· २२८

शस्त्रावपाते गर्भस्य पातने चोत्तमो दमः । उत्तमो वाधमो वापि पुरुषस्त्रीप्रमापणे ॥ २८१ ॥
विप्रदुष्टां स्त्रियं चैव पुरुषघ्नीमगर्भिणीम् । सेतुभेदकरीं चाप्सु शिलां बध्वा प्रवेशयेत् ॥ २८२ ॥
विषाग्निदां पतिगुरुनिजापत्यप्रमापणीं । विकर्णकरनासोष्ठीं कृत्वा गोभिः प्रमापयेत् ॥ २८३ ॥
अविज्ञातहतस्याशु कलहं सुतबांधवाः । प्रष्टव्या योषितश्चास्य परपुंसि रताः पृथक् ॥ २८४ ॥
स्त्रीद्रव्यवृत्तिकामो वा केन वायं गतः सह । मृत्युदेशसमासन्नं पृच्छेद्वापि जनं शनैः ॥ २८५ ॥

۲۸۱ کسی پر ہتھیار چلاوے یا کسی کا حمل گراوے تو اُتّم ڈنڈ پاوے اور اگر مرد یا عورت کو مار ڈالے تو ذات وکال کو بچار کر کے اُتّم یا ادھم ڈنڈ دیوے

۲۸۲ جو عورت نہایت بدطینت اور مرد کو مارنیوالی اور سیتو (پُل و باندھ) توڑنیوالی ہو مگر حاملہ نہو تو ان سبھون کے گلے مین سل باندھ کر پانی مین ڈبو دے

۲۸۳ زہر دینے والی آگ لگانے والی گرو اور شوہر اور اپنے بیٹا کو مارنے والی عورت کی ناک کان ہاتھ اور ہونٹھ کٹوا کر (بشرطیکہ حاملہ نہو) بیلون سے مروا ڈالے -

۲۸۴ جسکا مارنیوالا نہ جان پڑے تو اُسکے بیٹا اور بھائی بند اور عورت سے یا فاحشہ عورتون سے جھٹ پٹ اسطرح پوچھے کہ اسکی کس سے عداوت تھی پتہ لگاوے

۲۸۵ اشخاص مذکورہ بالا سے اور ان اشخاص سے جو قتل کے مقام کے آس پاس رہتے ہون دلاسا دے کر آہستگی مین اسطرح پوچھین کہ یہ شخص جو مارا گیا اسکو کیا خواہش تھی کسی عورت کو چاہتا تھا یا دولت کی خواہش رکھتا تھا کون معاش چاہتا تھا اور کسکے ساتھ گیا تھا -

या॰ स॰
२२६

क्षेत्रवेश्मवनग्रामविवीतखलदाहकाः । राजपत्न्यभिगामी च दग्धव्यास्तु कटाग्निना ॥ २८६ ॥
पुमान्संग्रहणे ग्राह्यः केशाकेशि परस्त्रियः । सद्यो वा कामजैश्चिन्हैः प्रतिपत्तौ द्वयोस्तथा ॥ २८७ ॥
नीवीस्तनप्रावरणसक्थिकेशावमर्शनं । अदेशकालसंभाषं सहैकासनमेव च ॥ २८८ ॥ २८८ ॥
स्त्री निषेधे शतं दद्याद्द्विशतं तु दमं पुमान् । प्रतिषेधे तयोर्दण्डो यथा संग्रहणे तथा ॥ २८९ ॥

۲۸۶ جو شخص کھیت یا مکان یا جنگل یا گانوں یا باڑہ یا کھلیان مین آگ لگاوے یا رانی کے ساتھ جماع کرے تو اُسکو چٹائی مین لپیٹکر جلا دیوے

(اُستیے پر کرن سماپت ہوا)

۲۸۷ اگر دوسرے کی عورت کے بال پکڑکر ہنسے بولے یا ناخن کے داغ وغیرہ علامات نظر آوین یا دونون کی محبت معلوم ہو تو دونونکو زنا کی علت مین گرفتار کرنا چاہیے۔

۲۸۸ جو کوئی پرائی عورت کی نیوی (یعنی انگیا) یا انچل یا جانگھ یا بال عشقبازی کی راہ سے چھوے یا تنہائی مین یا اندھیالے مین اُس سے بات چیت کرے یا ایک بستر پر بیٹھے تو بھی مرد کو زنا کی علت مین پکڑنا چاہیے۔

۲۸۹ جس عورت کو باپ بھائی وغیرہ نے کسی مرد سے بات کرنیکو منع کر دیا ہو اور وہ عورت اُسی مرد سے پھر بات کرتے ہوے نظر آوے تو اُس عورت سے سو پن ڈنڈ لینا چاہیے اور اگر مرد کو کسی عورت سے بات کرنیکو منع کیا ہو اور وہ مرد اُس عورت سے بات کرے تو سو پن ڈنڈ دے اور اگر دونونکو منع کیا ہو اور پھر وہ آپسمین

या॰ स॰ १३० | ۱۳۰ دو

स्वजातावुत्तमोदंड आनुलोम्येन मध्यमः । प्रातिलोम्येवधः पुंसोनार्याः कर्णादिकर्त्तनं ॥ २९० ॥
अलंकृतां हरेत्कन्यामुत्तमंह्यन्यथाधमं । दाण्डं दद्यात्सवर्णासुप्रातिलोम्येवधः स्मृतः ॥ २९१ ॥
सकामास्वनुलोमासु नदोषस्त्वन्यथाधमः । दूषणेतु करच्छेद उत्तमायांवधस्तथा ॥ २९२ ॥
शतंस्त्रीदूषणेदद्याद्द्वेतुमिथ्याभिशंसने । पशून्गच्छन्शतंदाप्योहीनांस्त्रींगांचमध्यमम् ॥ २९३ ॥

۲۹۰ اگر کوئی شخص اپنی ذات کی عورت سے زنا کرے تو اُتّم ساہس ڈنڈ دے اور اپنی ذات سے نیچ ذات کی عورت سے زنا کرے تو مدّھیم ساہس اور
اگر اپنی ذات سے بڑی ذات کی عورت سے زنا کرے تو واجب القتل ہوتا ہے اور اگر عورت نیچ ذات کی مرد سے زنا کرے تو قصور کے موافق اُسکی ناک کان وغیرہ

۲۹۱ جسکا وِواہ ہونیوالا ہو اور زیور پہنے ہو ایسی ہم قوم کنّیا کو جو شخص اُڑا لیجاوے وہ اُتّم ڈنڈ دیوے اور اگر وِواہ ہونیوالا نہو تو پرتھم ساہس ڈنڈ
دیوے اور اگر اُتّم ذات کی کنّیا کو اُڑا لیجاوے تو قتل کی سزا پاوے ۔

۲۹۲ اگر کنّیا راضی ہو اور اپنے سے نیچ ذات کی ہو تو کچھ دوش نہین ہے اور اگر ناراض کنّیا کو اُڑا لیجاوے تو پرتھم ساہس ڈنڈ دے اور جو شخص کنّیا
کی فرج مین انگلی وغیرہ ڈالکر یا عیب کرے تو اُسکا ہاتھ کٹوا ڈالنا چاہیے اور اگر اُتّم ذات کی کنّیا کے ساتھ ایسا کرے تو اُسکو قتل کی سزا دینا چاہیے

۲۹۳ جو شخص کسیکی کنّیا کا سچّا عیب بھی ظاہر کرے تو سَو پن ڈنڈ دے اور اگر جھوٹھا عیب لگاوے تو دو سَو پن ڈنڈ دے اور اگر چوپایہ کے ساتھ جماع
کرے تو سَو پن ڈنڈ دے اور اگر نیچ عورت کے ساتھ یا گئو کے ساتھ جماع کرے تو مدّھیم ساہس ڈنڈ دے ۔

अ॰ २

या॰स॰ २३१

अवरुद्धासु दासीषु भुजिष्यासु तथैव च । गम्यास्वपि पुमान्दाप्यः पंचाशत्पणिकं दमं ॥ २९४ ॥
प्रसह्य दास्यभिगमे दंडो दश पणाः स्मृतः । बहूनां यद्यकामासौ चतुर्विंशतिकः पृथक् ॥ २९५ ॥
गृहीतवेतना वेश्या नेच्छन्ती द्विगुणं वहेत । अगृहीते समं दाप्यः पुमानप्येवमेव च ॥ २९६ ॥
अयोनौ गच्छतो योषां पुरुषं वापि मेहतः । चतुर्विंशतिको दंडस्तथा प्रव्रजितागमे ॥ २९७ ॥

۲۹۴ اگر کوئی شخص کسی ایسی داسی سے جماع کرے جسکو گھر سے باہر نکلنا منع ہے یا جو کسی کو سپرد کر دی گئی ہو تو اُس سے ۵۰ پن ڈنڈ لینا چاہیے
اگرچہ وہ جماع کے لائق ہے تاہم دوسرے کی عورت ہے -

۲۹۵ اِن کی علاوہ اور داسیوں کے ساتھ زبردستی جماع کرے تو دس پن ڈنڈ دے اور اگر کئی آدمی ایک ہی کے ساتھ بغیر اُسکی مرضی کے جماع
کریں تو اُن سبکو چوبیس چوبیس پن ڈنڈ دینا چاہیے -

۲۹۶ جو بیسیا (یعنی رنڈی) دام لیکر جماع سے انکار کرے اور اُسکے جسم میں کوئی بیماری نہو تو دو چند دام واپس دے اور اگر بغیر دام
لیے ہی منظور کیا ہو اور پھر انکار کرے تو صرف اُتنا ہی دے یہی ڈنڈ پُرش کو بھی جاننا -

۲۹۷ جو شخص عورت کی فرج چھوڑ کر اور اعضا میں جماع کرے یا مرد کے سامنے جماع وغیرہ کرے یا سنیاسنی یا اودھوتنی کے ساتھ جماع کرے تو چوبیس پن ڈنڈ دیوے

या०स०
१३२

अंत्याभिगमनेत्वंक्यः कुबंधेन प्रवासयेत् । शूद्रस्तथांत्य एव स्यादंत्यस्यार्यागमे वधः ॥ २९८ ॥
ऊनं वाभ्यधिकं वापि लिखेद्यो राजशासनं । पारदारिकचौरं वा मुंचतो दंड उत्तमः ॥ २९९ ॥
अभक्ष्येण द्विजं दूष्यन्दंड्य उत्तम साहसम् । मध्यमं क्षत्रियं वैश्यं प्रथमं शूद्र मर्द्धकम् ॥ ३०० ॥
कूटस्वर्णव्यवहारी विमांसस्य च विक्रयी । अंगहीनस्तु कर्तव्यो दाप्यश्चोत्तम साहसम् ॥ ३०१ ॥

۲۹۸ چانڈال کی عورت سے جماع کرے تو اسکی پیشانی پر فرج کی صورت کا داغ دلوا کر اپنی راج سے نکلوا دے اور اگر شودر ہو تو وہ چانڈال ہی ہو جاتا ہے اگر چانڈال اُتم ذات کی عورت سے جماع کرے تو اسکو مروا ڈالنا چاہیے — (استری سنگرہن کا پرکرن سماپت ہوا)

۲۹۹ جو شخص راجہ کے حکم میں کمی بیشی کر کے لکھے یا زناکار اور چور کو پکڑ کر راجہ کو نہ سپرد کرے آپ ہی چھوڑ دے تو اُتم دنڈ دے —

۳۰۰ جو شخص نہ کھانے کے لائق چیز (یعنی غلیظ و پیشاب وغیرہ) سے براہمن کا کھانا پینا خراب کرے تو اسکو اُتم ساہس دنڈ دینا چاہیے اور اگر کشتری یا ویشیہ کا کھانا خراب کرے تو مدھیم ساہس دنڈ دیوے اور اگر شودر کا کھانا خراب کرے تو پرتھم ساہس کا آدھا دنڈ دے —

۳۰۱ جو کوئی ناقص سونے کو رنگ وغیرہ دے کر اچھا بنا کر بیوہار کرے اور جو ناقص گوشت (کتہ بلی وغیرہ کا گوشت) بیچے اسکا عضو کٹوا ڈالنا اور اُتم ساہس دنڈ بھی لینا چاہیے —

۱۳۲
دو

اور اُتم ساہس ڈنڈ بھی لینا چاہیے —

या॰स॰ २९२

चतुष्पादकृतो दोषो नापैहीति प्रजल्पतः । काष्ठलोष्टेषुपाषाणः बाहुयुग्मकृतस्तथा ॥ ३०२ ॥ ۱۳۳

छिन्ननस्येन याने न तथा भग्नयुगादिना । पश्चाच्चैवापसरता हिंसने स्वाम्यदोषभाक् ॥ ३०३ ॥ ،،

शक्तोप्यमोक्षयन्स्वामी दंष्ट्रिणां शृंगिणां तथा । प्रथमं साहसं दद्याद्विक्रुष्टे द्विगुणं तथा ॥ ३०४ ॥

जारं चौरेत्यभिवदन्दाप्यः पंचशतं दमम् । उपजीव्य धनं मुंचंस्तदेवाष्टगुणीकृतम् ॥ ३०५ ॥

राज्ञोनिष्टप्रवक्तारं तस्यैवाक्रोशकारिणम् । तन्मंत्रस्य च भेत्तारं छित्वा जिव्हां प्रवासयेत् ॥ ३०६ ॥

۳۰۲ جو کسی کا چارپایہ کسیکو مارا کرتا ہو اور اُسکا مالک پکار رہا ہو کہ ہٹ جانا تو پالنے والے کا قصور نہیں ہے اور اسی طرح لکڑی ڈھیلا تیر پتھر بانہو
اور جُگم (رتھ میں جوتی ہوئی گھوڑی وغیرہ) کو پھینکتا ہو اور پکارتا ہو کہ ہٹ جانا اور کسیکو ضرر پہونچے تو پھینکنے والے کا قصور نہیں ہے —

۳۰۳ جس گاڑی کے بیل کی ناتھ ٹوٹ گئی ہو یا جوا ٹوٹ گیا ہو اور پیچھے کو ہٹ رہا ہو وہ کسیکو مار دے تو مالک کا قصور نہیں ہے —

۳۰۴ سینگ والا یا دانت والا چارپایہ اگر کسیکو مارتا ہو اور اُسکا مالک چھوڑا سکتا ہو اور پھر بھی نہ چھوڑاوے تو پرتھم ساہس ڈنڈ دیوے اور اگر پکارنے
پر بھی نہ چھوڑاوے تو اُس سے دُونا ڈنڈ دیوے —

۳۰۵ اگر کسی زناکار کو اپنی تُہمت کی خوف سے چور چور کہہ کر چھوڑ دے تو پانسو پن ڈنڈ دے اور اگر روپیہ لیکر چھوڑ دے تو جتنا لیا ہو اُسکا آٹھ گنا ڈنڈ دے

۳۰۶ جو کوئی راجہ کی انشٹ (برخلاف) باتوں کو کہے یا راجہ کی بدگوئی کرے یا راجہ کا راز مخفی ظاہر کرے تو اُسکی زبان کٹوا کر دیش سے نکلوا دے —

मृतांगलग्नविक्रेतुर्गुरोस्ताडयितुस्तथा । राजयानासनारोढुर्दंड उत्तमसाहसः ॥ ३०७ ॥
द्विनेत्रभेदिनोराजद्विष्टादेशकृतस्तथा । विप्रत्वेनचशूद्रस्यजीवतोऽष्टशतोदमः ॥ ३०८ ॥
दुर्दृष्टांस्तुपुनर्दृष्ट्वाव्यवहारान्नृपेणतु । सभ्याःसजयिनोदंड्याविवादाद्द्विगुणंदमम् ॥ ३०९ ॥
योमन्येताजितोस्मीतिन्यायेनापिपराजितः । तमायांतंपुनर्जित्वादापयेद्द्विगुणंदमम् ॥ ३१० ॥
राज्ञाःन्यायेनयोदंडोगृहीतोवरुणायतम् । निवेद्यदद्याद्विप्रेभ्यःस्वयंत्रिंशद्गुणीकृतम् ॥ ३११ ॥

۳۰۷ جو شخص مُردہ کی جسم کی چیزونکو بیچے یا گُرو کو مارے پیٹے یا راجہ کی سواری یا سِنگھاسن پر بیٹھے تو اُتّم ساہس ڈنڈ دے —

۳۰۸ جو شخص کسیکی دونون آنکھین پھوڑدے یا راجہ کی بدنامی (زوال سلطنت وغیرہ ہونے کی شہرت) کرے یا شُودر ہوکر براہمن کی صورت بنکر معاش حاصل کرے تو آٹھہ سو پن ڈنڈ دیوے —

۳۰۹ جو مقدمہ سبھاسد لوگ اچھی طرح نہ فیصلہ کرین (یعنی نفسانیت یا محبّت کی وجہ سے خلاف انصاف کے فیصلہ کرین) تو راجہ اُس مقدمہ کو دوسری بار آپ فیصلہ کرے اور جیتنے والے اور سبھاسدون سے جتنے کا مقدمہ ہو اُس سے دُونا ڈنڈ لیوے —

۳۱۰ جو شخص مقدمہ انصاف کے موافق ہار گیا ہو اور کہے کہ ہم نہین ہارے ہین تو اُسکا مقدمہ پھر سے دیکھکر اسکو ہرا دے اور دُونا ڈنڈ اُس سے لیوے —

۳۱۱ اگر راجہ کسی سے خلاف انصاف تاوان لیوے تو اسکا تیس ۳۰ گنا اپنے پاس سے برن دیوتا کے نام سنکلپ کرکے براہمنونکو دے اور جتنا تاوان لیا ہو اُتنا اُسکو پھیر دے

(جاگیہ ولکیہ اسمرت کا دوسرا ادھیاے مقدمات کے بیان مین سماپت ہوا)

या॰स॰ ३।५

ऊनद्विवर्षं निखनेन्न कुर्यादुदकं ततः । आश्मशानादनुव्रज्य इतरो ज्ञातिभिर्वृतः ॥ १ ॥
यमसूक्तं तथा गाथा जपद्भिर्लौकिकाग्निना । स दग्धव्य उपेतश्चेदाहिताग्न्यावृतार्थवत् ॥ २ ॥
सप्तमाद्दशमाद्वापि ज्ञातयोऽभ्युपयन्त्यपः । अप नः शोशुचदघमनेन पितृदिङ्मुखाः ॥ ३ ॥
एवं मातामहाचार्यप्रेतानामुदकक्रिया । कामोदकं सखिप्रजास्वस्रीयश्वशुरर्त्विजां ॥ ४ ॥

۱ - اگر پوری دو برس کی عمر کا لڑکا مر جاسے تو اُسکو دفن کر دینا اور اُسکو اُدک (یعنی تلانجلی) نہ دینا چاہیے اس سے زیادہ عمر کا ہو تو ذات برادری کے
(پانی ۱۲)
لوگ اُسکے پیچھے مرگھٹ تک جاوین ـ

۲ - اگر جم سوکت یا جم گاتھا (یہ دونون جم دیوتا کے وید کے موافق منتر ہین) پڑھا کرین لوکک کی اگن (نہ کہ اگن ہوتر کی اگن) سے اُسکا داہ کرین اگر اُسکا
جنیؤ ہوا ہو تو اگن ہوتر کرنے والے کو گھر کی آگ سے اور جب پاتر کی ضرورت پڑے اُس سے داہ وغیرہ کرم کرین اگن ہوتری نہو تو لوکک کی اگن سے داہ کرین
(جیسے ۱، ۳، ۵، ۷، وغیرہ ۱۲)

۳ - ساتوین یا دسوین دن سے پہلے (کسی طاق دن مین) ذات کے لوگ پانی کے پاس (اَپ نہ شوشچ دگھم) اِس منتر کو پڑھتے ہوئے جل دان کرین ـ

۴ - اِسیطرح ماتامہ (نانا) اور آچارج کو بھی جل دان دینا ـ دوست اور بیاہی ہوئی لڑکی اور بھانجا اور سُسر اور رِتوج اِن سبھون کو جل اگر جی چاہے
تو دے نہین تو نہ دے ـ

या॰स॰ १३६ | ۱۳۵ | ۸

सकृत्प्रसिंचेत्युदकं नाम गोत्रेण वाग्यताः । न ब्रह्मचारिणः कुर्युरुदकं पतितास्तथा ॥ ५ ॥

पाखंड्यनाश्रिताः स्तेना भर्तृघ्न्यः कामगादिकाः । सुराप्य आत्मत्यागिन्यो नाशौचोदकभाजनाः ॥ ६ ॥

कृतोदकान्समुत्तीर्णान्मृदुशाद्वलसंस्थितान् । स्नातानपवदेयुस्तानितिहासैः पुरातनैः ॥ ७ ॥

मानुष्ये कदलीस्तंभनिःसारे सारमार्गणं । करोति यः स संमूढो जलबुद्बुदसंनिभे ॥ ८ ॥

पंचधासंभृतः कायो यदि पंचत्वमागतः । कर्मभिः स्वशरीरोत्थैस्तत्र का परिदेवना ॥ ९ ॥

۵ شخص مُردہ کا نام اور گوتر لیکر مَون ہوکر ایک بار جل دیوے مگر برہم چاری اور پَتِت جل دان نہ کرین ـ

۶ پاکھنڈی (جو وید کے خلاف چِنّھ دھارن کرتاہے) اَناشرت (جو کسی آشرم مین نہو) چور (سونا وغیرہ عمدہ چیز چُرانیوالا) شوہر کو مار ڈالنے والی عورت زناکار عورت شراب پینے والے اپنے کو آپ مار ڈالنے والے اِنکو جل نہ دینا اور اِنکا سوتک بھی نہ ماننا چاہیے ـ

۷ جب جل وان کر چکین اور جہان سبز گھاس لگی ہو وہان بیٹھین تو پُرانی کتھا کہہ کہہ کر رنج کو دُور کرین ـ

۸ اور یہ کہے کہ آدمی کیلے کے ستون کے مانند خالی ہے اسمین جو کوئی قیام کو تلاش کرے وہ نادان ہے کیونکہ دُنیا مثل حباب کے ہے ـ

۹ اپنے کیے ہوئے کرمون کے سبب سے پانچ تتّو سے یہ جسم بنا ہے جب وہ جسم اُنھین پانچو مین مِل گیا تو اُسکا رونا کیا ـ

या॰ स॰
१३७

गंत्रीवसुमतीनाशमुदधिर्दैवतानि च। फेनप्रख्यः कथंनाशं मर्त्यलोको न यास्यति ॥ १० ॥
श्लेष्माश्रुबांधवैर्मुक्तं प्रेतोभुंक्ते यतोवशः । अतोनरोदितव्यंहि क्रियाःकार्य्याःस्वशक्तित ॥११॥
इतिसंश्रुत्यगच्छेयुर्गृहंबालपुरःसराः। विदश्यनिंबपत्राणिनियताद्वारिवेश्मनः ॥ १२ ॥
आचम्याग्न्यादिसलिलंगोमयंगौरसर्षपान् । प्रविशेयुःसमालभ्यकृत्वाश्मनिपदंशनैः ॥ १३ ॥
प्रवेशनादिकंकर्मप्रेतसंस्पर्शिनामपि । इच्छतांतत्क्षणाच्छुद्धिर्परेषांस्नानसंयमात् ॥ १४ ॥

۱۰ زمین سمندر اور دیوتا لوگ بھی ناش ہونگے تو بمقابلہ انکے دنیا جو مثل حباب کے ہے کیونکر ناش نہوگی ـ

۱۱ بھائی بندھ لوگ جو رو رو کر کھنکھار اور آنسو گراتے ہین وہ سب مردہ کو جبراً کے دوت کھلاتے ہین اسلیئے رونا نچاہیی مگر اپنی طاقت کی موافق کریا کرنا چاہیئے

۱۲ ایسی باتین سنکر لڑکونکو آگے کرکے گھر جاوین اور گھر کے دروازہ پر نیم کے درخت کی پتیان کوچ کر ـ

۱۳ آچمن کرکے آگ پانی گوبر اور پیلی سرسون چھو کر پتھر پر پانون رکھکر گھر کے اندر آہستگی کے ساتھ جاوین ـ

۱۴ اگر اپنی ذات کے علاوہ دوسری ذات والا بھی اپنی خواہش سے مردہ کو چھوے تو نیم کی پتی کا کوچنا وغیرہ کرکے گھر کے اندر جانے تک وہ بھی کرے اور اسکا شدھ تک استنان اور پرانایام کرنے سے اسی وقت چھوٹ جاتا ہے ـ

मा.स.
१२८

आचार्यपितृपाध्यायान्निर्हृत्यापिव्रतीव्रती । सकटान्नंचनाश्नीयान्नचतैःसहसंवसेत ॥ १५ ॥
अौनलक्षाशना भूमौ स्वपेयुस्ते पृथक् पृथक् । पिंडयज्ञावृतादेयंप्रेतायान्नंदिनत्रयं ॥ १६ ॥
जलमेकाहमाकाशे स्थाप्यं क्षीरंच मृण्मये । वैतानोपासनाः कार्याः क्रियाश्चश्रुतिनोदनात ॥ १७ ॥
त्रिरात्रंदशरात्रंवाशावमाशौच मिष्यते । ऊनद्विवर्षेउभयोः सूतकं मातुरेवहि ॥ १८ ॥ १८ ॥
पित्रोस्तु सूतकं मातुस्तदसृग्दर्शनाद्ध्रुवं । तदहर्नप्रदुष्येत पूर्वेषांजन्मकारणात ॥ १९ ॥

۱۵ آچارج پتا ماتا اپادھیائے اگر انکو برہم چاری مرگھٹ تک لیجاویں تو اسکا برت بھنگ نہیں ہوتا مگر سوتک والونکا ان نہ کھاویں اور نہ انکے پاس رہیں -
۱۶ سوتک والے آدمی غلہ مول لیکر کھاویں زمین پر علیحدہ علیحدہ سوویں اور شرادھ کی طرح (آپ سنکلپ ہوکر) مردہ کو تین دن پنڈ کی جگہ ان دیویں -
۱۷ ایکدن مردہ کے لیے آکاش میں (اونچی پر ۱۲) پانی اور دودھ مٹی کے برتن میں رکھنا چاہیے اور اگنی ہوتر وغیرہ ویدک نتیہ کرم (روزمرہ کا کام ۱۲) کسی دوسرے سے کرانا چاہیے -
۱۸ سپنڈ اور سگوتر کے بھید سے تین دن یا دس دن مردہ کا سوتک ہوتا ہے اگر دو برس سے کم عمر والا مرے تو ماتا اور پتا ہی کو سوتک ہوتا ہے اور
جنم کا سوتک صرف ماتا پتا کو ہی ہوتا ہے -
